NYC Public Schools
Chancellor Melissa Aviles-Ramos

موجودہ انتخابات پر اظہار خیال

عزیز نیو یارک شہر پبلک اسکولز برادری،

بطور ایک پبلک اسکول سسٹم، میرا ماننا ہے کہ ہماری اپنے طلبا اور خاندانوں کی جانب کچھ بنیادی ذمہ داریاں ہیں۔ ہمیں پہلے اور سب سے اہم، طلبا کو محفوظ رکھنا چاہیئے۔ ہمیں انہیں اگلی نسل کے قائدین بننے کے لیے بھی لازمی تیار کرنا چاہیئے۔ اسی وجہ سے، صدارتی انتخاب ہماری اسکول برادریوں میں ایک خاص اہم وقت کی نمائندگی کرتا ہے۔

جیسا کہ میں نے پچھلے ہفتے کے PS + You خبرنامے میں نمایاں کیا تھا، ہماری سوکس ٹیم نے ان انتخابات کے دوران ہمارے طلبا کو شہری سطح پر سرگرم رکھنے میں انتہائی عمدہ کام انجام دیا ہے۔ ہم اپنے بچوں میں جمہوریت کے لیے گہری ستائش اور فہم پیدا کر رہے ہیں۔

جبکہ ہم جنوری میں صدارتی منتقلی کی تیاری کر رہے ہیں، ہمارے بچے سوچ رہے ہونگے کہ انتخابات کے نتائج کا انکے لیے کیا مطلب ہوگا۔ سب سے پہلے، میں آپکو یہ یقین دلانا چاہتی ہوں کہ ہم اپنے طلبا، عملے اور خاندانوں کے لیے محفوظ اور معاونتی ماحول برقرار رکھنے کی ہماری پُرعزمی پر سختی سے قائم ہیں۔ یہ بطور اسکول نظام ہماری اونچی ترجیح اور اولین ذمہ داری ہے۔

اسکے علاوہ، میں ہم سب کی حوصلہ افزائی کرتی ہوں —معلمین، اسکول قائدین، خاندان اور برادری کے ممبران کی— کہ وہ ہمارے طلبا کے ساتھ ان انتخابات پر بات چیت کریں اور ایسا کرتے ہوئے پُرفہم شہری گفتگو کا نمونہ پیش کریں۔ ہمیں اپنے طلبا کی سوالات پوچھنے، حقائق جاننے، اور اپنا نظریہ پُر احترام طور پر پیش کرنے میں مدد کرنی چاہیئے۔ برائے مہربانی schools.nyc.gov/currentevents دیکھیں ان وسائل کے لیے جو اس گفتگو کے لیے ماحول بنانے میں مددکار ہونگے۔

آخر میں، بطور برادری ممبران، ہم اپنے طلبا اور ایکدوسرے کا خیال رکھنا جاری رکھیں گے۔ ہر اسکول میں سائٹ پر دماغی صحت میں معاونت ہے (دیکھیں schools.nyc.gov/mentalhealth) اور اگر آپکو خود مدد کی ضرورت ہے، آپ 988 پر کال یا ٹیکسٹ کرسکتے ہیں۔ اگر آپکے طلبا کے تحفظ اور معاونت کے بارے میں کوئی سوالات یا تشویشات ہیں، برائے مہربانی اپنے پرنسپل یا ضلع سپرنٹنڈنٹ سے رابطہ کریں۔

اپنے ملک اور اپنی جمہوریت کے مستقبل پر نظر رکھتے ہوئے، میں آپکا نیو یارک شہر پبلک اسکولز برادری کا ایک حصہ ہونے پر شکریہ ادا کرتی ہوں۔ عوامی تعلیم ہماری سوسائٹی کی سنگ بنیاد ہے، اور ہم قائدین کی اگلی نسل تیار کرنے کے لیے ہر روز کام کر رہے ہیں۔ ہمارے بچوں کی رہنمائی، نشو ونما اور معاونت کرنے پر اور ہر روز ہمارے نیو یارک شہر کے اقدار کو برقرار رکھنے پر آپکا شکریہ۔

شراکت میں،

Melissa Aviles-Ramos

چانسلر